بیڈ پلانٹر سے فصلوں کی کاشت

بیڈ پلانٹر کے ساتھ کاشت کرنے کا طریقہ:

- زمین کو ہل اور سہاگہ چلا کر اچھی طرح تیار کریں۔ اگر ضرور ہو تو روٹی کریں۔
- جب زمین وتر پر آئے تو بیڈ پلانٹر سے بیج کاشت کریں۔
- استعمال سے پہلے بیڈ پلانٹر کے حصوں کا معائنہ کریں۔
- زمین کی قسم اور فصل کے مطابق پٹریوں اور کھیلیوں کے سائز کا تعین کریں۔
- مطلوبہ فصل کیلئے درکار کھاد اور بیج کی شرح کا تعین کریں۔ بیڈ پلانٹر کو پٹریوں کے درکار سائز اور شرح بیج کے حصوں کیلئے سیٹ کرنے کو کیلی بریشن (Calibration) کہتے ہیں۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ استعمال سے پہلے مشین کی کیلی بریشن کی جائے وگرنہ اچھے نتائج ہرگز نہ ہوں گے۔
- مشین کی فرائی ویل کے قطرے پیمائش کریں اور پہیے کا احاطہ معلوم کریں۔
- کھیت کی لمبائی اور چوڑائی معلوم کریں۔
- معلوم کریں کہ کھیت کی لمبائی کا حاطہ کرنے میں فلائی ویل کے کتنے چکر درکار ہوں گے۔
- بیڈ پلانٹر کی چوڑائی معلوم کریں۔
- معلوم کریں کہ کھیت کی چوڑائی کا احاطہ کرنے کیلئے ٹریکٹر کو کتنے چکر لگانے پڑیں گے۔
- بیج والے خانے میں بیج ڈالیں۔ خیال رہے کہ بیج کی سطح یکساں ہو۔
- خالی ڈبوں یا پلاسٹک کے تھیلوں کا وزن کریں اور ان کو پائپوں کے نیچے باندھ دیں۔
- فلائی ویل کو ایک پورا چکر دیں اور خالی ڈبوں / پلاسٹک کے تھیلوں کا دوبارہ وزن کریں۔ جمع شدہ کُل بیج کا وزن کریں۔

- کل جمع شدہ بیج کی مقدار کو کھیت کی لمبائی کیلئے درکار فلائی ویل کے چکروں اور ٹریکٹر کو کھیت کی چوڑائی کیلئے درکار چکروں سے ضرب دیں۔ یہ کھیت کیلئے درکار شرح بیج ہو گی۔
- اگر یہ مقدار مطلوبہ شرح بیج سے کم یا زائد ہو تو چیمبر کے سوراخوں کو چیک کریں اور مذکورہ عمل دوہرائیں۔
- ہر پائپ سے حاصل شدہ بیج کا وزن یکساں ہوگا۔ بصورت دیگر پائپ کے سوراخوں کو دوبارہ سیٹ کریں۔
- پٹریاں اور کھیلیوں کا سائز کھیت کے نکے کے مطابق ہونا چاہیئے اور یہ انکے کے متوازی ہونی چاہییں۔
- مناسب وقت پر پٹروں کو 3/4 حصہ (75%) اونچائی تک آبپاشی کریں۔
- مشین کو استعمال کے بعد اچھی طرح صاف کریں اور اس کے بعد اس کی سروس کرائیں۔ اس کے بعد چین اور گراری لیول کو گریس وغیرہ لگائیں۔
- استعمال کے بعد پلانٹر کو پلاسٹک شیٹ کے ساتھ اچھی طرح ڈھانپ دیں۔ بہتر ہے کہ کسی رسی کے ساتھ کناروں کو باندھ دیں تا کہ ہوا سے شیٹ اڑ نہ جائے۔
- مشین کو ہموار زمین سے ایک فٹ اُونچی جگہ پر شیڈ کے نیچے یا اسٹور میں محفوظ جگہ پر کھڑا کریں۔
- ٹول کٹ بکس ہمیشہ ساتھ رکھیں ٹول کٹ میں رینچ، پلاس، کلپس، اسپرنگ، نٹ بولٹ، گریس یا تیل، نپل، رسی، پین، لوہے کی تار، انچی ٹیپ وغیرہ

Pakistan Council of Research in Water Resources (PCRWR)
Drainage and Reclamation Institute of Pakistan (DRIP)
DRIP Campus, Tando Qaisar Road, Tando Jam
Post Code # 70060, Ph. #: 022-2765331, Fax. #: 022-2765728
E-mail: driptandojam@gmail.com

بیڈ پلانٹر سے فصلوں کی کاشت

فوائد

- پانی کی بچت 30 سے 50 فیصد تک ہوتی ہے۔
- پودوں کے لئے وتر دیر تک محفوظ رہتا ہے۔
- زمین کی تہہ سخت نہیں ہوتی اور زمین نرم اور محفوظ رہتی ہے۔
- جڑی بوٹیوں کا اُگاؤ کم ہوتا ہے فصل گرنے سے محفوظ رہتی ہے۔
- پودوں کا اُگاؤ اور نشوونما بہتر ہوتی ہے۔
- پودوں کی شاخیں مضبوط ہوتی ہیں اور دانے کا سائز بڑا ہوتا ہے۔
- کھاد کی استداد بہتر ہوتی ہے اور پودوں کو بہتر طریقے سے میسر ہوتی ہے۔
- زمین میں کلر اور تھور سے فصل کو نقصان نہیں پہنچتا۔
- بارش اور فالتو پانی کا اخراج کھیلیوں سے بہتر طریقے سے ہوتا ہے۔ اس سے فصل نقصان سے محفوظ رہتی ہے۔
- پیداوار میں 20 سے 30 فیصد اضافہ ممکن ہوتا ہے۔

اہم ہدایات

- گندم بروقت یعنی 15 نومبر سے پہلے کاشت کریں۔
- ہمیشہ صاف ستھرا اور تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔
- پٹڑیاں پر 4 قطاروں میں لگائیں۔
- شرح بیج 35 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں۔
- پہلی آبپاشی بوائی کے ایک ہفتہ کے دوران کریں۔

Pakistan Council of Research in Water Resources (PCRWR)
Drainage and Reclamation Institute of Pakistan (DRIP)
DRIP Campus, Tando Qaisar Road, Tando Jam
Post Code # 70060, Ph. #: 022-2765331, Fax. #: 022-2765728
E-mail: driptandojam@gmail.com